اسمٰعیل میرٹھی

(1844-1917)

محمد اسمٰعیل میرٹھی کی پیدائش میرٹھ میں ہوئی۔ اُنھیں بچپن سے پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ اپنے شوق اور محنت سے اُنھوں نے بڑی ترقّی کی۔ کم عمری میں ملازم ہوگئے۔ علم و ادب کی دنیا میں نام پیدا کیا۔

اردو اور فارسی کے اُستاد کی حیثیت سے انھوں نے بچّوں کی نفسیات، ذوق وشوق، دل چسپی ، پسند اور ناپسند کا خیال رکھتے ہوئے نظمیں لکھیں اور اردو کی درسی کتابیں تیار کیں۔ یہ کتابیں ہر زمانے میں مقبول ہوئیں اور آج بھی شوق سے پڑھی جاتی ہیں۔

اسمٰعیل میرٹھی نے ان کتابوں میں آسان اور سادہ زبان استعمال کی ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بڑے نتائج پیدا کرنا اسمٰعیل میرٹھی کا خاص انداز ہے۔ بلا شبہ وہ آج بھی بچّوں کے پسندیدہ اور اہم شاعر ہیں۔

© NCERT not to be republished

ایک بچّہ اور جُگنو کی باتیں

4924CH04

سناؤں تمھیں بات اِک رات کی
کہ وہ رات اندھیری تھی برسات کی

چمکنے سے جگنو کے تھا اِک سماں
ہوا پر اُڑیں جیسے چِنگاریاں

پڑی ایک بچّے کی اُن پر نظر
پکڑ ہی لیا ایک کو دوڑ کر

چمک دار کیڑا جو بھایا اُسے
تو ٹوپی میں جھٹ پَٹ چھُپایا اُسے

وہ جھَم جھَم چمکتا اِدھر سے اُدھر
پِھرا، کوئی رستہ نہ پایا مگر

تو غمگین قیدی نے کی اِلتجا
کہ چھوٹے شکاری! مجھے کر رِہا

© NCERT not to be republished

جگنو

خدا کے لیے چھوڑ دے چھوڑ دے　　مِری قید کے جال کو توڑ دے

بچّہ

کروں گا نہ آزاد اُس وقت تک　　کہ میں دیکھ لوں دن میں تیری چمک

جگنو

چمک میری دن میں نہ دیکھو گے تم　　اُجالے میں ہو جائے گی وہ تو گُم

بچّہ

ارے چھوٹے کیڑے نہ دے دَم مجھے　　کہ ہے واقفیت ابھی کم مجھے
اُجالے میں دن کے کھُلے گا یہ حال　　کہ اتنے سے کیڑے میں ہے کیا کمال
دھواں ہے نہ شعلہ نہ گرمی نہ آنچ　　چمکنے کی تیری کروں گا میں جانچ

جگنو

یہ قدرت کی کاری گری ہے جناب　　کہ ذرّے کو چمکائے جوں آفتاب
مجھے دی ہے اِس واسطے یہ چمک　　کہ تم دیکھ کر مجھ کو جاؤ ٹھِٹھک
نہ الّھڑ پنے سے کرو پائمال　　سنبھل کر چلو آدمی کی سی چال

(اسمٰعیل میرٹھی)

© NCERT not to be republished

مشق

i۔ معنی یاد کیجیے

سماں	:	منظر
غمگین	:	اُداس
اِلتجا	:	درخواست، گذارش
رِہا	:	آزاد
دَم دینا (محاورہ)	:	دھوکا دینا
واقفیت	:	جانکاری
جوں	:	جیسے، جس طرح
کاری گری	:	ہُنر، فن
آفتاب	:	سورج
الّھڑ پن	:	بھولا پن، نادانی
پائمال کرنا	:	روندنا، کُچلنا

ii۔ سوچیے اور بتائیے

1۔ جگنو کے چمکنے سے کیسا سماں تھا؟

2۔ جگنو کو دیکھ کر بچّے نے کیا کیا؟

© NCERT not to be republished

3۔ جگنو نے بچّے سے کیا فریاد کی؟

4۔ بچّہ جگنو کے بارے میں کیا جانچ کرنا چاہتا تھا؟

5۔ جگنو نے بچّے کو کیا صلاح دی؟

© NCERT not to be republished